F.6-4 (Edit)/2024 NCPUL Press Release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Education, Department of Higher Education
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:19/03/2024

اردو میں ماحولیات اور دیگر سائنسی موضوعات پر آسان زبان میں کتابیں شائع کی جائیں: پروفیسر تسنیم فاطمہ

قومی اردو کونسل میں نئے مسودات کی اشاعت کے حوالے سے میٹنگ

نئی دہلی: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے صدر دفتر میں آج ایک میٹنگ کا انعقاد عمل میں آیا جس میں کونسل کو موصول ہونے والے مختلف مسودات/تراجم کی اشاعت کے سلسلے میں غور وخوض کیا گیا اور میٹنگ میں شریک ماہرین کی رائے لے کر اس حوالے سے حتمی فیصلے کیے گئے۔اس میٹنگ کی صدارت پروفیسر تسنیم فاطمہ نے کی اور کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شمس اقبال نے تمام مہمانوں کا استقبال کیا۔اس موقعے پر انھوں نے کہا کہ قومی اردو کونسل ایک معیاری ادارہ ہے،اس لیے ہمیں یہاں سے معیاری کتابیں ہی شائع کرنی چاہئیں۔انھوں نے کہا کہ اس وقت کئی ایسے اہم موضوعات ہیں،جن پر اردو میں بہت کم مواد دستیاب ہے،اس لیے ادب کی اشاعت کے علاوہ ہمیں اس پہلو پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے۔انھوں نے کہا کہ کونسل سے عصری موضوعات پر دوسری زبانوں میں شائع شدہ اہم کتابوں کے اردو تراجم کی اشاعت کا اہتمام کیا جائے گا۔میٹنگ کی چیئر پرسن پروفیسر تسنیم فاطمہ نے کونسل کے نومنتخب ڈائرکٹر کو مبارکباد پیش کی اور کتابوں کی اشاعت کے تعلق سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اردو میں نئے موضوعات،خصوصاً سائنس،ماحولیات اور لائف سائنس کے دوسرے گوشوں پر آسان زبان میں کتابیں مہیا کروانا ضروری ہے،تاکہ نئی نسل ان سے بخوبی استفادہ کر سکے۔

میٹنگ کے دیگر ممبران میں پروفیسر عارفہ بشریٰ (ڈین اسکول آف آرٹس وصدر شعبہ ? اردو کشمیر یونیورسٹی)،ڈاکٹر سید مشیر عالم (سکریٹری اوڈیشا اردو اکیڈمی) اور جناب پی وی سوریہ نارائن مورتی (مہک حیدرآبادی، ڈپٹی نیوز ایڈیٹر روزنامہ آندھرا جیوتی) آن لائن شامل ہوئے۔ان کے علاوہ کونسل سے ڈاکٹر کلیم اللہ (ریسرچ آفیسر)، ذیشان فاطمہ (ریسرچ اسسٹنٹ) اور جاوید عالم (ٹیکنکل اسسٹنٹ) بھی موجود رہے۔افروز عالم نے تکنیکی سپورٹ فراہم کیا۔

(رابطہ عامہ سیل)